جدید ایڈیشن

خاموش فتنوں اور
ساری پریشانیوں کا یقینی علاج

40 استغفار
و
100 درود شریف

(مع ترجمہ و فوائد)

صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھ لیجیے۔

مکتبہ ابن کثیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَمَا تَوۡفِیۡقِیۡۤ اِلَّا بِاللّٰہِ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ اِلَیۡہِ اُنِیۡبُ ﴿۸۸﴾

توفیق تو اللہ ہی سے ملے گی، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ [سورۂ ہود]

40

استغفار

صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھنے کا اہتمام کیجیے۔

اس کی برکت سے دعائیں قبول ہوں گی۔ان شاءاللہ

نوٹ: بنا کمی زیادتی کے یہ کتاب چھاپنے کی میری طرف سے عام اجازت ہے۔

استغفار کی فضیلت

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص پابندی سے استغفار کرتا رہتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ بنا دیتے ہیں، ہر غم سے اسے نجات عطا فرماتے ہیں اور اسے ایسی جگہ سے روزی عطا فرماتے ہیں، جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا۔

[ابوداوٗد]

مرتب: اللہ کی رضا کا طالب

استغفار کے فوائد

(1) گناہ معاف ہوں گے (سورۂ نوح:10)

(2) بارش ہوگی (سورۂ نوح:11)

(3) اولاد نصیب ہوگی (سورۂ نوح:12)

(4) مال ملے گا (سورۂ نوح:12)

(5) باغات ملیں گے (سورۂ نوح:12)

(6) نہریں جاری ہوں گی (سورۂ نوح:12)

(7) خوش حالی والی زندگی نصیب ہوگی (سورۂ ہود:3)

(8) طاقت اور قوت ملے گی (سورۂ ہود:52)

(9) مبارکبادی ہے اس شخص کے لیے جس کے نامۂ اعمال میں استغفار زیادہ ہو (ابن ماجہ)

(10) جو پابندی سے استغفار کرے گا تو اللہ اسے ہر غم اور ہر تکلیف سے نجات دے گا، ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ پیدا فرمائے گا، اور اسے ایسی جگہ سے رزق دے گا، جہاں سے اسے وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔ (ابوداؤد، ابنِ ماجہ)

① استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ.

ترجمہ: میں اپنے پروردگار اللہ سے ہر گناہ سے معافی مانگتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

② استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ.

ترجمہ: میں عظمت والے اللہ سے معافی مانگتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے، پوری کائنات سنبھالنے والا ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

③ استغفار

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَآ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

ترجمہ: ہمارے لیے ہماری روشنی کو کامل کر دیجیے اور ہماری مغفرت فرمایئے۔

④ استغفار

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ.

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے بخش دیجیے اور مجھ پر رحم فرمایئے، آپ بہترین رحم فرمانے والے ہیں۔

⑤ استغفار

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ .

ترجمہ: اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے پس آپ مجھ کو بخش دیجیے۔

⑥ استغفار

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ .

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے بخش دیجیے اور مجھ پر رحم فرمایئے، یقیناً اللہ آپ سب سے زیادہ عزت دینے والے، سب سے زیادہ سخی ہیں۔

⑦ استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطَایَایَ وَ ذُنُوْبِیْ کُلَّهَا.

ترجمہ: اے اللہ! میری بھول چوک اور تمام گناہوں کو معاف فرما دیجیے۔

⑧ استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْۢبِیْ وَ تُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ.

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہ بخش دیجیے اور میری توبہ قبول کر لیجیے، بے شک آپ ہی معاف کرنے والے، بڑے رحم والے ہیں۔

⑨ استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَاهْدِنِيْ.

ترجمہ: اے اللہ! مجھے معاف فرمائیے اور مجھ پر رحم فرمائیے۔ اے اللہ! مجھے بخش دیجیے اور مجھے ہدایت عطا فرمائیے۔

⑩ استغفار

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ.

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، اور اگر آپ ہم کو معاف نہ کریں اور ہم پر رحم نہ کریں تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

⑪ استغفار

اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ

وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ عَمَلِيْ .

ترجمہ: اے اللہ! آپ کی مغفرت میرے گناہوں سے بہت زیادہ وسیع ہے اور آپ کی رحمت مجھے میرے اعمال سے زیادہ امید بخش ہے۔

⑫ استغفار

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَشْهَدُ

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَ

اَتُوْبُ اِلَيْكَ.

ترجمہ: اے اللہ! تیری ذات پاک ہے اور تمام تعریف تیرے لیے ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تجھ ہی سے معافی مانگتا ہوں اور تیری ہی طرف ہر معاملے میں رجوع کرتا ہوں۔

⑬ استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا.

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اور میرے والدین کو بخش دیجیے اور ان دونوں پر رحم فرمایئے، جیسا کہ انھوں نے میرے بچپن میں مجھ پر رحم و کرم کا معاملہ کیا۔

⑭ استغفار

رَبَّنَا اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم یقیناً ایمان لے آئے، پس آپ ہمارے گناہوں کو معاف فرما دیجیے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لیجیے۔

⑮ استغفار

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ

اَمْرِنَا وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ.

ترجمہ : اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو بخش دیجیے اور ہمارے کام میں ہم سے جو زیادتی ہوئی اُس کو معاف فرما دیجیے،اور ہمیں ثابت قدم رکھیے اور کافر قوم کے مقابلے میں ہماری مدد فرمائیے۔

⑯ استغفار

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ.

ترجمہ : اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو بخش دیجیے اور ہماری بُرائیوں کو ہم سے دور کر دیجیے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ فرمائیے۔

۱۷ استغفار

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَ
لِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ.

ترجمہ: اے ہمارے رب! مجھے معاف فرمایئے اور میرے والدین کو اور مؤمنین کو اُس روز جب کہ حساب قائم ہو گا۔

۱۸ استغفار

رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ
اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ.

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے پس آپ ہم کو بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے اور آپ بہترین رحم فرمانے والے ہیں۔

۱۹ استغفار

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّ
عِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا
سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۔

ترجمہ: اے ہمارے رب! آپ کی رحمت اور آپ کا علم ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے پس آپ معاف فرما دیجیے۔ اُن لوگوں کو جو توبہ کریں اور آپ کے راستے کی پیروی کریں اور اُن کو جہنم کے عذاب سے بچائیے۔

۲۰ استغفار

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ

اَلتَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے بخش دیجیے اور میری توبہ قبول فرمایئے۔ بے شک آپ ہی توبہ قبول کرنے والے اور بہت ہی زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

(۲۱) استغفار

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم کو بخش دے اور ہمارے اُن

بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کینہ نہ رکھ، اے ہمارے رب! بے شک تو بڑا شفیق اور مہربان ہے۔

(۲۲) استغفار

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ.

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم کو کافروں کے لیے فتنہ نہ بنا اور اے ہمارے رب! ہم کو بخش دے، بے شک تو زبردست ہے، حکمت والا ہے۔

(۲۳) استغفار

رَبِّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِمَنۡ دَخَلَ بَیۡتِیَ مُؤۡمِنًا وَّ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنَاتِ.

ترجمہ: اے میرے رب! میری مغفرت فرمایئے اور میرے ماں باپ کی مغفرت فرمایئے اور جو میرے گھر میں ایمان لاکر داخل ہوا ایسے سب ایمان والے مردوں کی اور ایمان والی عورتوں کی مغفرت فرمایئے۔

(۲۴) استغفار

اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِیۡ خَطِیۡـَٔتِیۡ وَ جَھۡلِیۡ وَ

اِسْرَافِیْ فِیْٓ اَمْرِیْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ

بِہٖ مِنِّیْ.

ترجمہ: اے اللہ! میری غلطی، میری جہالت اور میرے معاملے میں میری حد تجاوزی کو معاف فرمائیے۔ اور ان تمام باتوں کو معاف فرمائیے جسے مجھ سے زیادہ آپ جانتے ہیں۔

(۲۵) استغفار

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ عَزَائِمَ

مَغْفِرَتِكَ وَ مُنْجِیَاتِ اَمْرِكَ وَ

السَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّ الْغَنِیْمَةَ

مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّ الْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَ النَّجَاةَ

مِنَ النَّارِ۔

ترجمہ: اے اللہ! تیری کامل مغفرت اور نجات دلانے والی چیزوں کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور ہر گناہ سے سلامتی اور ہر نیکی کی رغبت اور جنت کی کامیابی اور دوزخ سے نجات کا سوال کرتا ہوں۔

(۲۶) استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ خَطَئِیْ وَ عَمَدِیْ۔

ترجمہ: اے اللہ! جان بوجھ کر کیے ہوئے اور انجانے میں کیے ہوئے میرے تمام گناہ معاف فرمائیے۔

﴿۲۷﴾ استغفار

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاهْدِنِیْ
السَّبِیْلَ الْاَقْوَمَ.

ترجمہ: اے میرے رب! مغفرت فرمایئے اور رحم فرمایئے اور سیدھے راستے کی رہنمائی فرمایئے۔

﴿۲۸﴾ استغفار

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ
وَارْزُقْنِیْ وَاهْدِنِیْ.

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور مجھے عافیت بخشئے اور مجھے روزی عطا فرمایئے اور میری رہنمائی فرمایئے۔

۲۹ استغفار

رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَ اغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَ اَجِبْ دَعْوَتِيْ.

ترجمہ: اے میرے رب! میری توبہ قبول فرما، میری حق تلفیوں کو دھو دے اور میری دعا کو قبول فرما۔

۳۰ استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ ارْضَ عَنَّا وَ اَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَ نَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَ اَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا كُلَّهٗ.

ترجمہ: اے اللہ! ہماری مغفرت فرما اور ہم پر رحم فرما اور ہم سے راضی ہو جا اور ہمیں جنت میں داخل فرما اور دوزخ سے ہماری حفاظت فرما اور ہمارے تمام حالات کو درست فرما۔

(۳۱) استغفار

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَ اَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ.

ترجمہ: اے اللہ! تیرے علم میں جتنی خیر ہے وہ ساری خیر چاہتا ہوں اور تیرے علم میں میرے جتنے گناہ ہیں، ان سے بخشش چاہتا ہوں، تو ہی غیب کی تمام باتوں کو جاننے والا ہے۔

(۳۲) استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَ مَا اَخَّرْتُ وَ مَا اَسْرَرْتُ وَ مَا اَعْلَنْتُ وَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے اگلے، پچھلے گناہ اور چھپ کر کیے ہوئے اور کھلم کھلا کیے ہوئے گناہوں کو معاف فرما اور ان گناہوں کو معاف فرما جنھیں مجھ سے زیادہ تو جانتا ہے۔

(۳۳) استغفار

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَ تَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَ حُبَّ الْمَسَاكِيْنِ

وَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَ تَرْحَمَنِیْ.

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے نیک کاموں کی توفیق اور گناہوں سے دوری کا سوال کرتا ہوں اور مساکین سے محبت کا جذبہ مانگتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔

۳۴ استغفار

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَ وَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَ بَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ .

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہ بخش دیجیے اور میرے گھر میں وسعت عطا فرمائیے اور میری روزی میں برکت عطا فرمائیے۔

(۳۵) استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَ عَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَ ارْفَعْنِيْ.

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بخش دیجیے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور مجھے عافیت عطا فرمایئے اور میری رہنمائی فرمایئے اور میری کمزوریوں کو دور کیجیے اور میرے مقام کو بلند فرمایئے۔

(۳۶) استغفار

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَایَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ.

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے میرے دین و دنیا اور میرے اہل و مال میں ہونے والی کوتاہیوں سے عفو و درگذر اور معافی کا سوال کرتا ہوں۔

۳۷ استغفار

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَ اخْسَأْ شَيْطَانِيْ وَ فُكَّ رِهَانِيْ وَ ثَقِّلْ مِيْزَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى.

ترجمہ: اے اللہ ! میرے گناہ بخش دیجیۓ اور میرے شیطان کو مجھ سے دور کیجیۓ اور میری گردن کو عذاب سے رہائی عطا فرمایئے اور میرے نامۂ اعمال کو وزنی فرمایئے، مجھے بلند مقام لوگوں میں بنایئے۔

﴿۳۸﴾ استغفار

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَ

اجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ.

ترجمہ: اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں میں سے بنایئے اور پاک باز لوگوں میں سے بنایئے۔

﴿۳۹﴾ استغفار

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ لَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ،

اِغْفِرْلِیْ ذَنْۢبِیْ وَ اَصْلِحْ لِیْ عَمَلِیْ

اِنَّکَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَاءُ وَ

اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ، يَا غَفَّارُ

!اِغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ ! تُبْ عَلَيَّ ، يَا

رَحْمٰنُ !اِرْحَمْنِيْ، يَا عَفُوُّ! اُعْفُ

عَنِّيْ، يَا رَءُوْفُ! اُرْؤُفْ بِيْ، يَا رَبِّ

!اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ.

ترجمہ: اے اللہ ! تیری ذات پاک ہے ،تیرے علاوہ کوئی معبودنہیں، میرا گناہ معاف کردے، میرے عمل کی اصلاح فرمادے، توجس کے گناہ معاف کرنا چاہتا ہے معاف کردیتا ہےاور تو بڑا بخشنے والارحم کرنے والا ہے۔اے بہت زیادہ بخشنے

والے! مجھے بخش دے، اے توبہ قبول کرنے والے ! میری توبہ قبول کرلے۔اے رحمٰن! مجھ پر رحم فرما۔اے بہت معاف کرنے والے ! مجھے معاف کر دے، اے بہت زیادہ شفقت کرنے والے! مجھ پر شفقت فرما، اے میرے پروردگار !مجھے توفیق عطا فرمایئے کہ میں آپ کی عطا کردہ نعمتوں کا شکریہ ادا کروں۔

۴۰ استغفار

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ، اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ

وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

ترجمہ: اے اللہ! تمام زندہ اور مردہ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کی اپنے رحم و کرم سے مغفرت فرما۔ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾

توفیق تو اللہ ہی سے ملے گی، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ [سورۂ ہود]

پیارے اللہ تعالیٰ کے پیارے ناموں کے ساتھ

100

درود شریف

صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھنے کا اہتمام کیجیے اس کی برکت سے دعائیں قبول ہوں گی اور یہ چند اہم فوائد بھی حاصل ہوں گے ان شاءاللہ۔

درود شریف کے فضائل وبرکات

ایک مؤمن تو ہمیشہ درود شریف سے جڑا ہوتا ہے۔ اگر چہ وہ الگ سے درود شریف نہ بھی پڑھے، پھر بھی اسے نماز میں درود ابراہیمی پڑھنا ہوتا ہے کیونکہ یہ نماز کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ اسلام میں درود شریف کثرت سے پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ درود شریف ایک ایسا وظیفہ ہے جسے جتنا اپنی زندگی میں شامل کیا جائے، اتنا ہی بہتر ہے۔

درود شریف پڑھنے سے بچوں میں تقدس پیدا ہوتا ہے، وہ پاک دامن اور عفت مآب رہتے ہیں۔ ان کی طبیعت میں نرمی اور پاکیزگی آتی ہے۔ ہر والدین یہی چاہتے ہیں کہ ان کے بچے فتنے سے محفوظ رہیں، اور درود شریف کی تعلیم و ترغیب بچوں کو اسی راہ پر ڈالتی ہے۔ جب بچے درود شریف پڑھتے ہیں تو ان میں تقدس کا جوہر پیدا ہوتا ہے اور ان کی عصمت محفوظ رہتی ہے۔

درود شریف پڑھنے والے بچوں اور نہ پڑھنے والے بچوں میں واضح فرق ہوتا ہے۔ درود شریف پڑھنے والے بچوں کی طبیعت میں نرمی محبت اور شفقت جیسے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ جو والدین یہ

شکایت کرتے ہیں کہ ان کے بچے اکھڑ اور سخت مزاج ہیں، ان کے لیے درود شریف بہترین علاج ہے۔ درود شریف طبیعت کی تندی اور تلخی ختم کر دیتا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کی مٹھاس دلوں میں پیدا کرتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام شہد سے بھی میٹھا ہے اور ان کا ذکر دل کو سکون عطا کرتا ہے۔ درود شریف سے انسان کی طبیعت میں نرمی اور محبت پیدا ہوتی ہے، جو سخت مزاجی اور غصے کو ختم کرتی ہے۔

والدین اگر چاہتے ہیں کہ ان کی اولاد خوش اخلاقی اور نرمی سے پیش آئے، تو انہیں درود شریف پڑھنے کی عادت ڈالنی چاہیے۔ درود شریف کی تسبیح بچوں کے ہاتھ میں دینے سے ان میں نفاست، محبت اور رقت جیسی خصوصیات پیدا ہوں گی۔ درود شریف پڑھنے والا بچہ ذہنی اعتبار سے بھی بہتر ہوتا ہے، کیونکہ درود شریف کی برکتیں اور رحمتیں اس کی ذہنی استعداد کو بڑھا دیتی ہیں۔ گھروں میں ہفتہ وار محافل درود شریف کا اہتمام کریں، اور اس میں درود شریف پڑھا کریں۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ کی اولاد میں کتنی مثبت تبدیلیاں آئیں گی۔

یہ تربیت کا آسان نسخہ ہے، اور اس سے دل و دماغ میں سکون پیدا ہوتا ہے۔ درود شریف ایک ایسا وظیفہ ہے جو کبھی الٹ نہیں پڑتا، بلکہ الٹے کاموں کو بھی سیدھا کر دیتا ہے۔
درود شریف دلوں کو ٹھنڈک دیتا ہے، دنیا اور آخرت کو روشن کر دیتا ہے۔ یہ چراغ بھی ہے، خوشبو بھی ہے، اور سینے کی ٹھنڈک بھی ہے۔ اپنی اور اپنی اولاد کی طبیعتوں میں درود شریف کو اچھی طرح راسخ کریں، اور اس کے نتائج عشروں میں محسوس کریں۔
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہ ہوگا جو کثرت سے درود شریف پڑھتا ہوگا۔ اس لیے اپنی اولاد کو درود شریف کی عادت ڈالیں اور اپنے گھروں میں روزانہ یا ہفتہ وار درود شریف کا ماحول بنائیں۔ جمعہ کے دن خاص طور پر کثرت سے درود شریف پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے، کیونکہ اس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ درود شریف کو اپنی زندگی کا لازمی حصہ بنائیں اور اس کی برکتیں دیکھیں۔

یہ کتابچہ پڑھنے کے ۲۰/ فائدے ہیں

(۱) خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہو گی۔ان شاءاللہ (۲) ہرمشکل آسان ہو گی۔ (۳) لاعلاج بیماری اور ہر مرض سے شفا ہو گی۔ (۴) تجارت و کاروبار میں بہت برکت ہو گی۔ (۵) مقدمہ میں کامیابی ہو گی۔ (۶) سحر اور جادو کا اثر کاروبار، مال اور گھر کے افراد سے زائل ہو گا۔ (۷) جنات کی شرارت سے خلاصی حاصل ہو گی۔ (۸) بانجھ عورت یا بے اولاد مرد پڑھے، تو اولاد حاصل ہو گی۔ان شاء اللہ (۹) بیٹے سے محروم شخص پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیٹا پیدا ہو گا۔ (۱۰) سفر میں کامیابی و سلامتی حاصل ہو کر واپسی بخیر ہو گی۔ (۱۱) ملازمت بسہولت ملے گی۔ (۱۲) سفر یا حضر میں اپنے پاس رکھنے سے ہر شر و آفت سے سلامتی حاصل ہو گی۔ (۱۳) غیر شادی شدہ کی جلد شادی ہو گی اور نکاح کا پیغام

قبول ہو گا۔ (۱۴) دلوں کو مسخّر و تابع بنانے کے لیے نہایت مفید و نافع ہے۔ (۱۵) گم شدہ چیز اللہ کے حکم سے جلد مل جائے گی۔ (۱۶) دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو کر تمام برائیوں سے حفاظت ہو گی۔ (۱۷) ملازمت میں ترقی حاصل ہو گی۔ (۱۸) جس گھر میں یہ کتاب موجود ہو، تو پیارے اللہ کے نام اور درود شریف کی برکت سے اس گھر میں رہنے والے مصائب، حوادث، غم، چوری، ڈاکے اور آگ لگنے سے محفوظ رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔ (۱۹) طالبِ علم پڑھے تو علم میں برکت اور امتحان میں کامیابی ہو گی۔ (۲۰) حج و عمرہ کی نیت سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ حج و عمرہ کے اسباب پیدا فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ۔

نوٹ: مرد اور عورتیں اسے ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیوں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اپنے رب کی جانب سے میرے پاس ابھی یہ پیغام لے کر آئے تھے کہ روئے زمین پر جو کوئی مسلمان آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا تو میں اس پر دس رحمتیں نازل کروں گا اور میرے فرشتے اس کے لیے دس مرتبہ دعائے مغفرت کریں گے۔ [طبرانی اور ترغیب میں حدیث ہے] کتنی بڑی فضیلت ہے! سارے فرشتے ہمارے لیے دس مرتبہ دعائے مغفرت کریں گے۔ سو مرتبہ اگر ہم درود شریف پڑھیں گے جمعہ کے دن، تو کتنے فرشتے دعائے مغفرت میں لگ گئے! اس لیے جمعہ کے دن درود شریف پڑھنے کا اہتمام کیجیے۔ یہ مضمون ذہن میں بٹھا لیجیے: کہ میرے فرشتے اس کے لیے دس مرتبہ دعائے مغفرت کریں گے۔ اسے اپنے دل میں بٹھا لیجیے! مزہ آئے گا درود شریف پڑھنے میں؛ خاص طور سے جمعہ کے دن، اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

درود شریف کے فوائد

دنیا کا سب سے اہم مقصد غموں کا دور ہونا ہے اور

آخرت کا سب سے اہم مقصد گناہوں کا معاف ہونا ہے اور

یہ دونوں مقاصد حاصل ہوتے ہیں درود شریف پڑھنے کی وجہ

سے جیسا کہ حدیث میں درود شریف کی فضیلت میں

یہ الفاظ آتے ہیں (تکفی همك و یغفر ذنبك)

تمہارے غموں کی کفایت کی جائے گی اور

تمہارے گناہ معاف کیے جائیں گے

اس لیے درود شریف پڑھنے کا بہت اہتمام کیجیے۔

① درود شریف

يَا اَللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ

اے میرے پیارے اللہ! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور جن کی بہت زیادہ تعریف بھی کی گئی ہے۔

② درود شریف

يَا رَحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْبُرْهَانِ

اے رحمٰن! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور آپ کے برہان اور حجت بھی۔

③ درود شریف

يَا رَحِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْوَرِعِ

اے رحیم! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نیک و پاکباز بھی۔

④ درود شریف

يَا مَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْمُقَدَّسِ

اے بادشاہ! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور قدسی صفات و قابلِ تعظیم بھی۔

⑤ درود شریف

یَا قُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْاَمَانِ

اے پاک ذات! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور سلامتی و امن کے نشان بھی۔

⑥ درود شریف

یَا سَلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمُعْلِنِ

اے سلام! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور جنہوں نے صداقت کا اعلان کیا۔

⑦ درود شریف

يَا مُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْمُيَسِّرِ

اے امن و امان دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور جنھوں نے دین کو آسان انداز میں بیان کیا۔

⑧ درود شریف

يَا مُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْمُبِيْنِ

اے نگہبان! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور جنھوں نے دین کو واضح انداز میں بیان کیا۔

⑨ درود شریف

یَا عَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْمُخْتَارِ

اے زبردست! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور جن کو چُن کر آپ نے سب کا پسندیدہ بنایا۔

⑩ درود شریف

یَا جَبَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْمُتَضَرِّعِ

اے جبار! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور گڑگڑانے والے، عاجزی کرنے والے بھی ہیں۔

⑪ درود شریف

یَا مُتَکَبِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَی النَّبِیِّ السَّابِقِ

اے عظمت والے! آپ کا درود وسلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نیکی اور بھلائی میں سب سے آگے بڑھنے والے ہیں۔

⑫ درود شریف

یَا خَالِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَی النَّبِیِّ الْبَارِعِ

اے پیدا کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور دین کے اعتبار سے ماہر اور با کمال بھی ہیں۔

⑬ درود شریف

یَا بَارِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمُذَكِّرِ

اے وجود میں لانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور نصیحت کرنے والے بھی ہیں۔

⑭ درود شریف

یَا مُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الشَّكَّارِ

اے صورت بنانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی
پر جو نبی بھی ہیں اور بہت زیادہ شکر کرنے والے بھی ہیں۔

⑮ درود شریف

يَا غَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الذَّكَّارِ

اے بہت زیادہ معاف کرنے والے! آپ کا درود وسلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور آپ کو بہت زیادہ یاد کرنے والے بھی ہیں۔

⑯ درود شریف

يَا قَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الرَّهَّابِ

اے ہر چیز پر غلبہ رکھنے والے! آپ کا درود وسلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور آپ سے بہت زیادہ ڈرنے والے بھی ہیں۔

⑰ درود شریف

یَا وَھَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْجَوَادِ

اے بہت زیادہ دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور بہت زیادہ سخاوت کرنے والے بھی ہیں۔

⑱ درود شریف

یَا رَزَّاقُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْاَوَّاہِ

اے بہت زیادہ روزی دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اللہ کی یاد میں بڑی آہیں بھرنے والے بھی ہیں۔

⑲ درود شریف

يَا فَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْحَلِيْمِ

اے فیصلہ کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور بڑے بردبار بھی ہیں۔

⑳ درود شریف

يَا عَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْقَاسِمِ

اے سب کچھ جاننے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور تقسیم کرنے والے بھی ہیں۔

⑵١ درود شریف

یَا قَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِیِّ الشَّاهِدِ

اے تنگی کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور گواہی دینے والے بھی ہیں۔

⑵٢ درود شریف

یَا بَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِیِّ الصَّادِقِ

اے کشادگی بخشنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور سچے بھی ہیں۔

(۲۳) درود شریف

یَا خَافِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الشَّافِعِ

اے پست کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور سفارش کرنے والے بھی ہیں۔

(۲۴) درود شریف

یَا رَافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْمُعِیْنِ

اے بلند کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور مدد کرنے والے بھی ہیں۔

۲۵ درود شریف

یَا مُعِزُّ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمُطِيْعِ

اے عزت دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اطاعت کرنے والے بھی ہیں۔

۲۶ درود شریف

یَا مُذِلُّ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ النَّذِيْرِ

اے ذلت دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور ڈرانے والے بھی ہیں۔

۲۷ درود شریف

یَا سَمِیْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِیِّ الْبَشِیْرِ

اے سب کچھ سننے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور خوش خبری دینے والے بھی ہیں۔

۲۸ درود شریف

یَا بَصِیْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِیِّ الْاَکْرَمِ

اے سب کچھ دیکھنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور عزت و اکرام والے بھی ہیں۔

۲۹ درود شریف

يَا حَكَمُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْحَكِيْمِ

اے فیصلہ کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور حکمت والے بھی ہیں۔

۳۰ درود شریف

يَا عَدْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْحَبِيْبِ

اے انصاف کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور اللہ کے محبوب بھی ہیں۔

⑶١ درود شریف

یَا لَطِیۡفُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَ سَلِّمۡ
عَلَی النَّبِیِّ الۡخَلِیۡلِ

اے بندوں پر مہربان اور باریک باتوں کو جاننے والے! آپ کا درود وسلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اللہ کے دوست بھی ہیں۔

۳۲ درود شریف

یَا خَبِیۡرُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَ سَلِّمۡ
عَلَی النَّبِیِّ الۡحَکِیۡمِ

اے ہر چیز سے واقف! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور حکمت والے بھی ہیں۔

۳۳ درود شریف

یَا حَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ

اے بڑے بُرُدبار! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور عزت والے بھی ہیں۔

۳۴ درود شریف

یَا عَظِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْحَرِیْصِ

اے بڑائی اور عظمت والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور لوگوں کے ایمان کے لیے حرص کرنے والے بھی ہیں۔

۳۵ درود شریف

یَا غَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَی النَّبِیِّ الرَّؤُوْفِ

اے بہت بخشنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور شفیق و رحم دل بھی ہیں۔

۳۶ درود شریف

یَا شَکُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَی النَّبِیِّ التَّقِیِّ

اے تھوڑے عمل پر بہت زیادہ دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور پرہیز گار بھی ہیں۔

۳۷ درود شریف

یَا عَلِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِیِّ الْاَمِیْنِ

اے بلند مرتبہ والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور امانت دار بھی ہیں۔

۳۸ درود شریف

یَا کَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِیِّ الْعَزِیْزِ

اے سب سے بڑے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور عزت والے بھی ہیں۔

⑶⑼ درود شریف

يَا حَفِيْظُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْحَفِيِّ

اے حفاظت کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور مہربان بھی ہیں۔

⑷⓪ درود شریف

يَا مُقِيْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ النَّسِيْبِ

اے سب کو روزی دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نسب کے اعتبار سے شریف بھی ہیں۔

۴۱ درود شریف

یَا حَسِیْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْحَسِيْبِ

اے حساب لینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور بہترین حسب و نسب والے بھی ہیں۔

۴۲ درود شریف

یَا جَلِیْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْفَصِيْحِ

اے بڑی شان والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو
نبی بھی ہیں اور صاف ستھری زبان والے، خوش بیان بھی ہیں۔

(۴۳) درود شریف

یَا کَرِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الطَّيِّبِ

اے بڑے سخی! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نیک بھی ہیں۔

(۴۴) درود شریف

یَا رَقِیْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الرَّحِيْمِ

اے خوب نگہبانی کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اپنی امت کے لیے شفیق و مہربان بھی ہیں۔

۴۵ درود شریف

یَا مُجِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْمُنِیْبِ

اے سب کی دعائیں سننے اور قبول کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اللہ کی طرف رجوع کرنے والے بھی ہیں۔

۴۶ درود شریف

یَا وَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْخَاشِعِ

اے بڑی وسعت والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور عاجزی کرنے والے بھی ہیں۔

﴿۴۷﴾ درود شریف

يَا حَكِيمُ جَلَّ جَلَالُهُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الزَّعِيمِ

اے بڑی حکمت والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اپنی امت کے لیے امام اور پیشوا بھی ہیں۔

﴿۴۸﴾ درود شریف

يَا وَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْهَجُوْدِ

اے نیک بندوں سے بے حد محبت کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور رات کے آخری حصے میں نماز پڑھنے والے بھی ہیں۔

⑷⑼ درود شریف

یَا مَجِیۡدُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمۡ
عَلَى النَّبِيِّ السَّعِیۡدِ

اے بزرگی والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نیک بخت بھی ہیں۔

⑸⑽ درود شریف

یَا بَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمۡ
عَلَى النَّبِيِّ الرَّاغِبِ

اے مُردوں کو زندہ کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور آخرت کا شوق رکھنے والے بھی ہیں۔

⑤① درود شریف

یَا شَهِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِیِّ الرَّشِیْدِ

اے ہر جگہ موجود رہنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نیک راستہ دکھانے والے بھی ہیں۔

⑤② درود شریف

یَا حَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِیِّ الْاَصْدَقِ

اے ثابت اور برحق! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور سب سے زیادہ سچے بھی ہیں۔

۵۳ درود شریف

یَا وَکِیْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْجَلِیْلِ

اے کام بنانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور عزت و شان والے بھی ہیں۔

۵۴ درود شریف

یَا قَوِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الصَّفِیِّ

اے بڑی قوت والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نیک صفت انسان بھی ہیں۔

۵۵ درود شریف

یَا مَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْخَطِيْبِ

اے مضبوط اقتدار والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور عمدہ مقرر بھی ہیں۔

۵۶ درود شریف

یَا وَلِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْوَفِيِّ

اے نیک لوگوں کی مدد کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور وفادار بھی ہیں۔

﴿۵۷﴾ درود شریف

يَا حَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ السَّدِيْدِ

اے تمام خوبیوں کے مالک! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور دین کے اعتبار سے درست و مضبوط بھی ہیں۔

﴿۵۸﴾ درود شریف

يَا مُحْصِيُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمُعْلِيْ

اے ہر چیز کو اپنے علم اور شمار میں رکھنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور دین کے ذریعے اپنی امت کو بلند کرنے والے بھی ہیں۔

۵۹ درود شریف

یَا مُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْمُقْرِئِ

اے پہلی بار پیدا کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور بہترین قاری بھی ہیں۔

۶۰ درود شریف

یَا مُعِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْمَجِیْدِ

اے دوبارہ زندہ کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور بڑی عزت و شان والے بھی ہیں۔

⑥١ درود شریف

یَا مُحْیِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْمَهْدِیُ

اے زندہ کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور ہدایت یافتہ بھی ہیں۔

⑥٢ درود شریف

یَا مُمِیْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْمُنِیْرِ

اے موت دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور روشن چہرے والے بھی ہیں۔

۶۳ درود شریف

يَا حَيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْوَلِيِّ

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اپنی امت کے لیے سرپرست بھی ہیں۔

۶۴ درود شریف

يَا قَيُّوْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمَنْصُوْرِ

اے سب کو تھامنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور کامیاب بھی ہیں۔

⑥⑤ درود شریف

یَا وَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْکَامِلِ

اے غنی اور بے نیاز! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور ہر اعتبار سے مکمل انسان بھی ہیں۔

⑥⑥ درود شریف

یَا مَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْعَابِدِ

اے بزرگی والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور سب سے زیادہ عبادت کرنے والے بھی ہیں۔

﴿٦٧﴾ درود شریف

یَا وَاحِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْقَائِدِ

اے اپنی ذات و صفات میں یکتا! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور بہترین رہبر بھی ہیں۔

﴿٦٨﴾ درود شریف

یَا اَحَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاَحْمَدِ

اے اکیلا اپنی ذات و صفات میں یکتا! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور پیارے اللہ کی بہت زیادہ تعریف کرنے والے بھی ہیں۔

۶۹ درود شریف

یَا صَمَدُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْبَشَرِ

اے بڑے بے نیاز! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور انسان بھی ہیں۔

۷۰ درود شریف

یَا قَادِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الشَّاكِرِ

اے بڑی قدرت والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور شکر کرنے والے بھی ہیں۔

۷۱ درود شریف

يَا مُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمُقْتَصِدِ

اے قدرتِ کاملہ رکھنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور درمیانی و سیدھے راستے پر چلنے والے بھی ہیں۔

۷۲ درود شریف

يَا مُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمُقَدَّمِ

اے آگے بڑھانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور دین کے اعتبار سے سب سے آگے بھی ہیں۔

۷۳ درود شریف

یَا مُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْمُبَشِّرِ

اے پیچھے ہٹانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور خوش خبری دینے والے بھی ہیں۔

۷۴ درود شریف

یَا اَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْاَجْمَلِ

اے سب سے پہلے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نہایت حسین و جمیل بھی ہیں۔

۷۵ درود شریف

يَا اٰخِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الذَّاكِرِ

اے سب سے پچھلے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور ذکر کرنے والے بھی ہیں۔

۷۶ درود شریف

يَا ظَاهِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الزَّاهِرِ

اے خوب نمایاں! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی
بھی ہیں اور انتہائی خوبصورت، چمک دار اور خوش نما بھی ہیں۔

⑦⑦ درود شریف

يَا بَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْاٰمِنِ

اے نہایت پوشیدہ ! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور امن و سلامتی والے بھی ہیں۔

⑦⑧ درود شریف

يَا وَالِيُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الرَّاجِيْ

اے سب پر حکومت کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اللہ کی رحمت کے امیدوار بھی ہیں۔

۷۹ درود شریف

یَا مُتَعَالِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَی النَّبِیِّ التَّالِیْ

اے بہت بلند و برتر! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور قرآن شریف کی تلاوت کرنے والے بھی ہیں۔

۸۰ درود شریف

یَا بَرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

اے نیک سلوک کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور کسی استاذ سے پڑھے ہوئے بھی نہیں ہیں۔

⑧١ درود شریف

یَا تَوَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْحَمَّادِ

اے توبہ قبول کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور پیارے اللہ کی بہت زیادہ تعریف کرنے والے بھی ہیں۔

⑧٢ درود شریف

یَا مُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْمُبْتَهِلِ

اے بدلہ لینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور پیارے اللہ کے سامنے گڑگڑانے والے بھی ہیں۔

۸۳ درود شریف

یَا عَفُوُّ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ السَّیِّدِ

اے بہت معاف کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور سردار بھی ہیں۔

۸۴ درود شریف

یَا رَءُوْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الْعَطُوْفِ

اے خوب شفقت کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اپنی امت کے لیے انتہائی شفیق و مہربان بھی ہیں۔

۸۵ درود شریف

يَا مَالِكَ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْحَامِدِ

اے سارے جہاں کے مالک! آپ کا درود وسلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور پیارے اللہ کی تعریف کرنے والے بھی ہیں۔

۸۶ درود شریف

يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْهُمَامِ

اے عظمت و جلال اور انعام و اکرام والے! آپ کا درود وسلام
ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور بہادر بھی ہیں۔

۸۷ درود شریف

یَا مُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْمُصْلِحِ

اے انصاف کرنے والے! آپ کا درود وسلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اپنی امت کی اصلاح کرنے والے بھی ہیں۔

۸۸ درود شریف

یَا جَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْخَاضِعِ

اے قیامت کے دن سب کو جمع کرنے والے! آپ کا درود وسلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور عاجزی کرنے والے بھی ہیں۔

⑧⑨ درود شریف

يَا غَنِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ السَّخِيِّ

اے بڑے بے نیاز! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور سخاوت کرنے والے بھی ہیں۔

⑨⑩ درود شریف

يَا مُغْنِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْمُرْتَضٰى

اے بے نیاز کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور پیارے اللہ کے محبوب و پسندیدہ بھی ہیں۔

۹۱ درود شریف

یَا مَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْاِمَامِ

اے روکنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور اپنی امت کے لیے رہبر و پیشوا بھی ہیں۔

۹۲ درود شریف

یَا ضَارُّ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الْاٰخِرِ

اے نقصان پہنچانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور سب سے آخری نبی بھی ہیں۔

۹۳ درود شریف

يَا نَافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الصَّالِحِ

اے نفع پہنچانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نیک و صالح بھی ہیں۔

۹۴ درود شریف

يَا نُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى

اے نہایت روشن اور سارے جہاں کو روشن کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور برگزیدہ و پسندیدہ بھی ہیں۔

⑨⑤ درود شریف

یَا هَادِیُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الدَّاعِيْ

اے ہدایت دینے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر
جو نبی بھی ہیں اور دین کی دعوت دینے والے بھی ہیں۔

⑨⑥ درود شریف

یَا بَدِیْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلَى النَّبِيِّ الْبَهِيِّ

اے بغیر نمونہ کے پیدا کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو
اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور نہایت خوبصورت بھی ہیں۔

۹۷ درود شریف

یَا بَاقِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِیِّ الْمَاحِیْ

اے ہمیشہ باقی رہنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور برائیوں کو مٹانے والے بھی ہیں۔

۹۸ درود شریف

یَا وَارِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِیِّ الصَّادِقِ

اے تمام چیزوں کے مالک! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور سچے بھی ہیں۔

۹۹ درود شریف

يَا رَشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الرَّشِيْدِ

اے سیدھا راستہ دکھانے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور ہدایت یافتہ بھی ہیں۔

۱۰۰ درود شریف

يَا صَبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَى النَّبِيِّ الشَّكُوْرِ

اے بڑے برد بار اور برداشت کرنے والے! آپ کا درود و سلام ہو اس ہستی پر جو نبی بھی ہیں اور بہت زیادہ شکر کرنے والے بھی ہیں۔

اگر آپ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خواب میں زیارت کرنا چاہتے ہیں تو یہ عمل کیجئے یہ علماء کا بتایا ہوا مجرب عمل ہے۔

علماء نے لکھا ہے کہ جمعہ کی رات میں اگر کوئی آدمی دو رکعت پڑھے، پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 11 بار آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 11 بار سورۂ اخلاص پڑھے، پھر سلام پھیر کر 100 مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِكَ، وَرِضَا نَفْسِكَ، وَزِنَةَ عَرْشِكَ، وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ

تین جمعہ تک اگر کوئی مسلسل یہ عمل کرے تو اللہ کی ذات سے امید ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

نوٹ: یہ نسخہ حدیث شریف میں نہیں ہے بلکہ سلف صالحین کے تجربات میں سے ہے۔

1977 میں مسجدِ نبوی میں پہلی صف میں بیٹھا ہوا تھا تب مراکش کے ایک بڑے میاں نے مجھے یہ درود شریف سکھایا تھا یہ درود شریف کا صیغہ حدیث میں نہیں ہے یہ درود شریف پڑھنے کا اہتمام کیجیے بہت فائدہ ہوگا ان شاء اللہ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰہِ اَلْقَائِمِ بِحَقِّ اللّٰہِ مَا ضَاقَ اَمْرٌ اِلَّا فَرَّجَهُ اللّٰہُ

ترجمہ: اے میرے پیارے اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے آقا محمد ابن عبداللہ پر جو اللہ کے حق پر قائم ہیں اور جب بھی کسی معاملہ میں تنگی آتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے ختم کر دیتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کو یہ بات پسند ہو کہ جب وہ ہمارے گھرانے پر درود شریف پڑھے تو اُس کا ثواب بہت بڑے پیمانے میں ناپا جائے تو وہ اِن الفاظ سے درود شریف پڑھا کرے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ
اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی آلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ: اے میرے پیارے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی بیویوں پر جو کہ مومنین کی مائیں ہیں اور آپ ﷺ کی نسل پر اور آپ ﷺ کے سب گھر والوں پر رحمت نازل فرمایئے جیسا کہ آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھر والوں پر رحمت نازل فرمائی بے شک آپ تعریف کے مستحق عظمت والے ہیں۔ (ابوداؤد)

شب جمعہ اور جمعہ کے دن کثرت سے
درود شریف پڑھنے کا اہتمام کیجئے۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود شریف پڑھا کیجیے کیونکہ ہر جمعہ کو میری امت کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے جو جتنا زیادہ درود شریف پڑھے گا وہ مرتبہ کے لحاظ سے اتنا ہی زیادہ میرے قریب ہوگا۔ جمعہ کے دن درود شریف پڑھنے کے تین درجے ہیں۔

ادنی درجہ یہ ہے کہ 300 مرتبہ پڑھ لیجیے
درمیانی درجہ یہ ہے کہ 1000 مرتبہ پڑھ لیجیے
اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ 3000 مرتبہ پڑھ لیجیے

اس لیے جمعہ کے دن 3000 مرتبہ درود شریف پڑھنے سے کثرت سے درود شریف پڑھنے میں شمار ہوجائے گا اگر 3000 ہزار مرتبہ نہیں پڑھ سکتے تو 1000 مرتبہ پڑھ لیجیے ورنہ کم از کم 300 مرتبہ تو پڑھ ہی لینا چاہیے۔

یہ درود شریف پڑھنے کا اہتمام کیجیے

بہت فائدہ ہوگا ان شاء اللہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْن

ترجمہ: اے میرے پیارے اللہ! تو رحمتیں نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب بھی ذکر کرنے والے ذکر کریں اور تو رحمتیں نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب بھی ذکر سے غافل لوگ غفلت کریں۔

کینسر، شوگر، بلڈ پریشر اور تمام لاعلاج بیماریوں کیلئے یہ درود شریف صبح شام گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اور پانی، کھانا، دوا سب پر دم کر کے پھر استعمال کریں بہت فائدہ ہوگا ان شاء اللہ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
كُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ترجمہ: اے میرے پیارے اللہ! تو رحمت نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر، ہر بیماری اور دوا کی تعداد کے برابر اور برکتیں اور سلام نازل فرما۔

نوٹ: یہ نسخہ حدیث میں نہیں ہے سلف صالحین کے تجربات میں سے ہے اس کا پرنٹ نکال کر لوگوں میں تقسیم کیجیے بہت فائدہ ہوگا ان شاء اللہ

درود شریف پڑھنے کے بعد یہ دعا مانگنے کا اہتمام کیجیے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت واجب ہوگی ان شاء اللہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا جو امتی مجھ پر درود بھیجے اور ساتھ ہی یہ دعا کرے تو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: اے میرے پیارے اللہ! ان کو یعنی اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قیامت کے دن اپنے قریب کی نشست گاہ یعنی کرسی عطا فرمائیے۔[مسندِ احمد]

بعض لوگوں کو بھولنے کی عادت بہت ہوتی

ہے چیزیں بھول جاتے ہیں اسے نسیان

کہتے ہیں اس کا علاج علماء نے لکھا ہے

درود شریف بہت پڑھیں۔

[یہ مضمون برکات المکیہ میں لکھا ہوا ہے]

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہر قسم کی برائی سے

محفوظ رکھے آمین

محاسبہ

ہم سب اپنے اپنے دل سے پوچھیں کہ
کیا ہم دیندار ہیں؟ اللہ کے سارے
احکامات کو پورا کرتے ہیں؟ اور جن
چیزوں سے اللہ نے روکا ہے ہم ان
سے بچتے ہیں؟ تو دل جواب دے گا
کہ دیندار ہیں یا نہیں ہیں اس لیے اگر
تقویٰ اور دینداری ہے ہماری زندگی
میں، تو اللہ کی مدد آئے گی یقینی ہے
اس لیے دین پر چلنے کی کوشش کریں
اور گناہوں سے بچنے کی کوشش کریں۔